تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : آیت الکرسی کے فضائل وتفسیر

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت : ۲۶۷ صفحات قیمت: ۴۰۰ روپے

ملنے کے پتے : ☆ دارالنور' اسلام آباد ☆ مکتبہ قدوسیہ' رحمان مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی راسخ العلم مشاہیر علمائے اسلام اور محققین میں سے ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ نے علم کے ساتھ زبان و بیان کی خصوصی صلاحیتیں عطا کی ہیں جن کا وہ بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ وہ ۲۹ عربی کتب اور ۲۶ اردو کتب کے مصنف ہیں۔ ان کی تمام کتب اصل مراجع اور مصادر کے حوالہ جات سے مزین ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب آیت الکرسی کے فضائل وتفسیر پر مشتمل ہے۔ آیت الکرسی قرآن مجید کی عظیم ترین آیت ہے۔ مصنف نے بڑی عقیدت کے ساتھ اس کے فضائل لکھے ہیں اور معروف تفاسیر کی مدد سے اس کی تفسیر وتشریح بیان کی ہے۔ مبحث اول فضائل پر مشتمل ہے جو کتاب کے پچاس صفحات کو محیط ہے۔ مبحث دوم میں آیت الکرسی کو دس جملوں میں تقسیم کر کے ہر جملے کی شایانِ شان وضاحت کی ہے۔ پہلے جملے کی تشریح کرتے ہوئے توحید کی اہمیت پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے اور قرآن وحدیث سے ثابت کیا ہے کہ تمام انبیاء کی دعوت کا مرکزی مضمون توحید ہی رہا ہے۔ اسی طرح دوسرے مبحث میں اسمائے الٰہی الحی القیوم کی شان اور عظمت بیان کی ہے۔ آیت الکرسی میں جہاں شفاعت کا ذکر آیا ہے وہاں شفاعت کی ہمہ پہلو وضاحت کی ہے اور اس کو اذنِ الٰہی کے ساتھ مشروط کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لامحدود علم کا بیان کرتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ صرف ذاتِ الٰہی ہی عالم الغیب ہے۔ مخلوق کی ہر صفت کی طرح صفت علم بھی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہے۔

کتاب کے اخیر میں چند صفحات پر مشتمل خلاصہ کتاب اور مصادر ومراجع کی فہرست ہے جو ۹۰ عربی کتب اور ۶ اردو کتب پر پھیلی ہوئی ہے۔

کتاب جہاں حقیقی خوبیوں سے مزین ہے وہاں دیدہ زیب ہے۔ عمدہ سفید کاغذ ہے۔ کمپوزنگ شاندار اور غلطیوں سے پاک ہے۔ جلد مضبوط ہے۔